Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی انتخابی دھاندلی کے خلاف پر احتجاج کرنے پر سینئر رہنما سلمان اکرم راجہ کی گرفتاری کی شدید مذمت

پُرامن احتجاج کا آئینی حق استعمال کرنے پر سینئر وکیل سلمان اکرم راجہ کی گرفتاری ایک شرمناک اور غیر جمہوری عمل ہے،

سلمان اکرم راجہ کو عوام کا مینڈیٹ واپس کرنے کا مطالبہ کرنے کے جرم میں گرفتار کرنا نام نہاد جمہوری نظام کے چہرے پر طمانچہ ہے، عوام کا مینڈیٹ چرانے والے حق کیلئے اٹھنے والی ہر آواز سے اس قدر خوفزدہ ہیں کہ آئین، قانون اور اخلاقیات کی سرِعام دھجیاں بکھیری جارہی ہیں، یہ فسطائی اور غیر جمہوری حربے تحریک انصاف اور عوام کو اپنے آئینی حقوق کے حصول کی جدوجہد سے باز نہیں رکھ سکتے،

سلمان اکرم راجہ سمیت پُرامن احتجاج کرنے والے تمام گرفتار کارکنان کو فوری رہا کیا جائے اور آئینی احتجاج کی راہ میں رکاوٹیں نہ کھڑی کی جائیں،

تحریک انصاف ہر قسم کے حالات میں اپنے چوری شدہ مینڈیٹ کے خلاف اپنی بھرپور آئینی اور قانونی جدوجہد تب تک جاری رکھے گی جب تک عوام کو ان کا حق واپس نہیں دیا جاتا،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ